ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کی جانب سے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کورمضان المبارک کی مبارکباد

عوام ماہ صیام کے دوران بھوک وافلاس کا شکارغریب ومستحق افراد کی بھرپور مدد کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔یکم ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کورمضان المبارک کی آمد کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک برکتوں،رحمتوں اور مغفرت کا مہینہ ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ رمضان المبارک تزکیہ نفس کا درس دیتا ہے اورروزہ دین اسلام کا اہم رکن ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے فرض کی گئی تمام عبادات انسانوں کی بہتری اور فلاح کیلئے ہیں۔روزہ رکھ کرایک جانب روزہ دارکوغریب ونادارافراد کی بھوک،پیاس کی شدت،ان کی تکالیف کا احساس ہوتا ہے اوران میں دوسروں کی مدد کا جذبہ بیدار ہوتا ہے جبکہ دوسری جانب روزہ انسانی صحت کیلئے بھی مفید ہے۔جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم مسلمانوں کورمضان المبارک کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ماہ صیام کے دوران بھوک وافلاس کا شکارغریب ومستحق افراد کی بھرپور مدد کریں۔

متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق رنگ ونسل عوام کی بے لوث خدمت کررہی ہے،سیدشعیب احمد بخاری

لیاقت آبادٹاؤن یوسی 7اوریوسی 11 میں رمضان المبارک اسپیشل پیکج کے تحت یوٹیلیٹی اسٹورکی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔یکم ستمبر2008ء۔۔۔رمضان المبارک کے دوران عوام کوسستی اشیائے صرف فراہم کرنے کیلئے ایم کیوایم کے زیراہتمام یوٹیلیٹی اسٹورکارپوریشن کے تعاون سے یوسی 7اوریوسی 11 لیاقت آبادٹاؤن میں رمضان المبارک اسپیشل پیکج کے نام پریوٹیلیٹی اسٹورزقائم کردیئے گئے ہیں۔یوٹیلیٹی اسٹورکاافتتاح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیرسیدشعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ نے کیا۔اس موقع پرحق پرست ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹرندیم احسان اورسفیان یوسف،یوٹیلیٹی اسٹورکارپوریشن کے زونل منیجرمسعودعالم نیازی اوردیگربھی موجود تھے۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیدشعیب بخاری نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق رنگ ونسل عوام کی خدمت پریقین رکھتی ہے اور ہرلمحہ عوام کوسہولت فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ آج لیاقت آبادٹاؤن میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرجن یوٹیلیٹی اسٹورزکاافتتاح کیا گیا ہے ان پرعوام کوتمام اشیاخوردونوش آٹا،گھی،چاول،دالیں،شکراوربیسن سمیت روزمرہ استعمال کی اشیاءصرف انتہائی سستے داموں پرفراہم کی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے پرعمل پیراہوکرشروع دن سے عوام کوبنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔انہوں نے اعلان کیا کہ عوام کوسستی اشیاءفراہم کرنے کیلئے انشاء اللہ کل سے سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ پھلوں کے اسٹال لگائے گی جہاں گورنمنٹ کے نرخوں سے بھی کم قیمت پرعوام کومعیاری پھل فراہم کیے جائیں گے۔انہوں نے یوٹیلیٹی اسٹورکارپوریشن کے تعاون پران کاشکریہ اداکیا۔یوٹیلیٹی اسٹورپرعوام کوزبردست رش دیکھنے میں آیااورلوگوں نے قطاریں لگاکراشیاء خوردونوش کی خریدیں اورایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

حق پرست عوام سعیدوارثی اورایم اے جلیل کی صحتیابی کیلئے دعاکریں،الطاف حسین کی اپیل

کراچی۔۔۔یکم ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی مسرت بانو کے شوہرسعیدوارثی اورسابق حق پرست صوبائی وزیرایم اے جلیل کی علالت پرگہری تشویش کااظہار کیا ہے اوران کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی کہ وہ سعیدوارثی اورایم اے جلیل کی جلدومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالی کے حضورخصوصی دعاکریں۔

رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پرایم کیوایم ناظم آباد

یونٹ 181 کے کارکن ریحان کوغیرمعینہ مدت کیلئے معطل کردیا

کراچی۔۔۔یکم ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پرایم کیوایم ناظم آبادگلبہارسیکٹریونٹ 181 کے کارکن ریحان ولدنظرمحمدکوغیرمعینہ مدت کیلئے تنظیم کی بنیادی رکنیت سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کوہدایت کی کہ وہ ریحان ولدنظرمحمد سے کسی بھی قسم کاکوئی رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆